# بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

## نوٹس نیلامی

۱۔ یونیورسٹی کیفٹیریا کی متفرق اشیاء (فرنیچر/فکسچر جن میں چولہے، تندور، برنرز کاؤنٹر، اون اسٹینڈ، کھانے کے ڈسپلے کاؤنٹرز جن پر شیشہ لگا ہوا ہے، فرنیچر سکریپ، واٹر کولر اور گرم ہوا کے اخراج کے لیے بڑے سائز کے ہڈز، وغیرہ) نیلامی کے لیے جہاں ہے اور جیسا ہے کی بنیاد پر پیش کیے جاتے ہیں۔

۲۔ ان تمام اشیاء کی تصویریں یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.iiu.edu.pk اور موقع پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

۳۔ دلچسپی رکھنے والی فرمیں اپنی فرم کے لیٹر پیڈ پر اشیاء کے نام و ریٹ/ بولی کی رقم وغیرہ درج کر کے سر بمہر لفافے قومی شناختی کارڈ اور NTN نمبر درج کر کے مورخہ **۳ نومبر ۲۰۱۷ء بوقت 10.00** بجے دن زیر دستخطی تک پہنچا دیں اور اسی دن 10.30 بجے کوٹیشنز کھولی جائیں گی۔

۴۔ لفافے کے اوپر "کوٹیشن برائے متفرق کیفٹیریا اشیاء" لکھا ہونا چاہیے۔

۵۔ کوٹیشن کے ساتھ مبلغ -/10,000 روپے کا بنک ڈرافٹ بنام بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد بطور زر ضمانت (قابل واپسی) منسلک کرنا ضروری ہے۔

۶۔ مشروط اور مبہم کوٹیشن نا قابل غور ہو گی۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ کے لیے ضروری ہو گا کہ تین دن کے اندر تمام سامان اٹھائے، بصورت دیگر زر ضمانت ضبط کر لی جائے گی۔

۸۔ کامیاب بولی دہندہ کو سامان اپنے خرچ پر اٹھانا ہو گا۔

۹۔ کامیاب بولی دہندہ کو سامان اٹھانے سے قبل ***"تمام رقم بشمول انکم ٹیکس"*** یونیورسٹی کے کیشئر کے پاس جمع کروانا ہو گی۔

۱۰۔ یونیورسٹی انتظامیہ PPRA قوانین کے مطابق کوئی ایک یا تمام کوٹیشنز کو منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

۱۱۔ نیلامی کا سامان دیکھنے اور معلومات کیلئے زیر دستخطی سے 051-9019259 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

H. [signature] 19-10-2017

(حافظ عامر رضا)
اسسٹنٹ ڈائریکٹر، سنٹرل سٹور
بیسمنٹ، ایڈمن بلاک
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
فون نمبر۔ 051-9019259




1



03178529491
2


3


4


5
روشن


9




7


8


8








10